MILITARY LANDS & CANTONMENTS DEPARTMENT
CANTONMENT BOARD OKARA

Phone No.044-9200666 / Fax 044-2880732 Email: okaracantonment@gmail.com
Cantt Board Office, Liaquat Road, Civil Area, Okara Cantt

نیلامی (E-Auction) منڈی مویشیاں اوکاڑہ چھاؤنی

ہر خاص و عام خصوصاً منڈی مویشیاں کا کاروبار کرنے والے حضرات کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ چھاؤنی وفاقی حکومت کے نوٹیفکیشن / بائی لاز SRO-542(I)/88 مورخہ 27 جون 1988 کے تحت منڈی مویشیاں (حدود ضلع ساہیوال) کا ٹھیکہ EPADS Version 2.0 (Federal) کے تحت E-Auction کے ذریعے نیلام کرے گا۔ خواہش مند بولی دہندگان اپنی بولیاں EPADS Version 2.0 (Federal) کے ذریعے ہی جمع کروا سکیں گے۔ تفصیلی بولی دستاویزات، سرکاری بولی، زر بیعانہ، نیلامی کا شیڈول، اہلیت کے معیار اور مکمل شرائط و ضوابط EPADS Version 2.0 (Federal) اور PPRA ویب سائٹس پر دستیاب ہوں گے۔ صرف وہی بولی دہندگان نیلامی میں حصہ لینے کے اہل ہوں گے جو EPADS Version 2.0 (Federal) پر رجسٹرڈ ہوں۔

بولی / نیلامی	مدت ٹھیکہ	سرکاری بولی
نیلامی حقوقِ وصولی منڈی مویشیاں فیس	03 سال	18,26,92,500/-

نیلامی کی شرائط درج ذیل ہیں:

1. تمام خواہش مند بولی دہندگان کے لئے نیلامی میں حصہ لینے سے قبل PPRA EPADS Version 2.0 (Federal) پر رجسٹرڈ ہونا لازمی ہو گا۔
2. بولی دہندگان اپنی رجسٹریشن PPRA EPADS Version 2.0 (Federal) کی ویب سائٹ https://vendors.epads.gov.pk/register پر خود مکمل کریں گے۔
3. بولیاں صرف EPADS Version 2.0 کے ذریعے الیکٹرانک طور پر جمع کروائی جائیں گی۔ دستی، فزیکل یا ہارڈ کاپی کی صورت میں جمع کروائی گئی بولیاں قابل قبول نہیں ہوں گی۔
4. بولی دہندگان کے لئے FBR کے ساتھ رجسٹریشن اور Active Taxpayer List (ATL) پر ظاہر ہونا لازم ہے۔
5. مذکورہ نیلامی مورخہ 28 اکتوبر، 2026 دوپہر 02 بجے تک جاری رہے گی اور بولی دہندگان کی فہرست اسی دن 03 بجے آن لائن نمایاں کر دی جائے گی۔
6. نیلامی کے دوران بولی دہندگان اختتامی وقت تک اپنی بولی میں متعدد مرتبہ اضافہ / بہتری کر سکیں گے۔ اختتامی وقت گزرنے کے بعد EPADS Version 2.0 (Federal) خودکار طور پر سب سے زیادہ بولی دینے والے اہل بولی دہندہ کو کامیاب بولی دہندہ قرار دے گا، جو کہ مجاز اتھارٹی کی منظوری سے مشروط ہو گا۔
7. خواہش مند بولی دہندگان کو بولی میں حصہ لینے سے قبل مبلغ 50 لاکھ روپے زر بیعانہ کسی بھی شیڈولڈ بنک سے کال ڈیپازٹ (CDR) کی صورت میں بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر اوکاڑہ چھاؤنی ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی کے جمع کروانا ہو گا اور EPADS Version 2.0 (Federal) پر واضح کاپی اپلوڈ کرنا ہو گی جو کہ نیلامی کے اختتام پر پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندگان کے علاوہ تمام دیگر بولی دہندگان کو درخواست پر واپس کر دیے جائیں گے۔

8. اصل CDR بولی کے اختتامی وقت اور تاریخ سے قبل دفتر کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ میں پہنچنا ضروری ہو گا۔ ناکامی پر بولی دہندہ کی بولی ریجیکٹ کر دی جائے گی۔ نقد رقم بطور زر بیعانہ قابل قبول نہ ہو گی۔

9. کامیاب بولی دہندہ کو اپنی کل بولی کی چار ماہ کی اقساط علاوہ زر بیعانہ بطور ضمانت بولی کے اختتام کے (03) تین دن کے اندر دفتر ہذا میں جمع کروانا ہوں گی۔ جو کہ تا اختتام ٹھیکہ دفتر ہذا میں بطور سیکیورٹی جمع رہے گا۔ سب سے زیادہ بولی دہندہ چار ماہ کی اقساط (03) تین دن کے اندر جمع نہیں کرواتا تو اسکا پہلے سے جمع شدہ زر بیعانہ بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہو گا۔

10. کامیاب بولی دہندہ کو گورنمنٹ پالیسی کے مطابق انکم ٹیکس اور دیگر وفاقی وصوبائی ٹیکسز جمع کروانا ہوں گے۔

11. کامیاب بولی دہندہ کی بولی کی منظوری مجاز اتھارٹی کی منظوری سے مشروط ہو گی اور نیلامی کے نتائج منظوری کے لئے کنٹونمنٹ بورڈ کے سامنے پیش کئے جائیں گے جس کا فیصلہ حتمی ہو گا۔

12. کامیاب بولی دہندہ کو بولی منظور ہونے کی اطلاع موصول ہونے کے 07 یوم (ورکنگ ڈیز) کے اندر اپنے خرچہ پر کنٹونمنٹ بورڈ کے ساتھ ایگریمنٹ کرنا ہو گا۔

13. اگر کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار کسی بھی ایک ماہ کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ کی منظوری کے بغیر منڈی مویشیاں لگانے میں ناکام ہوتا ہے تو اسکا ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔ اور سیکیورٹی بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائے گی۔

14. کامیاب بولی دہندہ منظوری کی اطلاع موصول ہونے پر ایگریمنٹ کرنے کے بعد منڈی لگانے / قبضہ لینے کا پابند ہو گا۔

15. منڈی مویشیاں کی بولی (بڈ) فی سال کے حساب سے ہو گی اور عرصہ مدت معاہدہ ٹھیکہ تین سال کے لئے ہو گا۔ دوسرے اور تیسرے سال کے ٹھیکہ میں سالانہ 10٪ فیصد کمپاؤنڈ اضافہ کیا جائے گا۔

16. ٹھیکیدار ہر ماہ ایڈوانس قسط اور ریونیو برانچ سٹاف (تین ملازمین) کی تنخواہ بمعہ الاؤنس ہر ماہ کی 05 تاریخ تک دفتر کنٹونمنٹ بورڈ سے بنک چالان حاصل کر کے جمع کرانے کا پابند ہو گا۔

17. اگر مہینے کی 05 تاریخ تک ٹھیکیدار قسط ادا کرنے میں ناکام رہتا ہے تو مہینے کی 15 تاریخ تک ادائیگی نہ ہونے کی صورت میں یومیہ مبلغ 50،000 روپے جرمانہ وصول کیا جائے گا۔ مہینے کی 15 تاریخ تک عدم ادائیگی کی صورت میں 07 دن کے نوٹس پر ٹھیکہ / معاہدہ منسوخ تصور ہو گا اور زر ضمانت / سیکیورٹی بحق سرکار کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لیا جائے گا۔

18. ٹھیکیدار منڈی مویشیاں نوٹیفکیشن / بائی لائز کے مطابق ہر ماہ میں چھ دن (دو تا سات تاریخ) منڈی لگانے کا پابند ہو گا۔

19. منڈی مویشیاں کے انعقاد کے لئے زمین کا انتظام کنٹونمنٹ بورڈ کرے گا۔ ٹھیکیدار کینٹ بورڈ کی مقرر کردہ زمین پر منڈی لگانے کا پابند ہو گا۔ تاہم ٹھیکیدار اگر مزید زمین کا بندوبست کرے گا تو بھی بذریعہ کینٹ بورڈ کرے گا۔

20. منڈی کے انعقاد کے لئے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ انعقاد کی جگہ پر کسی قسم کی بھی سہولت نہیں پہنچائے گا۔ تمام انتظامات و دیگر ضروری سہولیات مثلاً پانی، بجلی، چارہ وسایہ کی فراہمی و نگہداشت اور ٹرک پارکنگ بمطابق لے آوٹ پلان بذریعہ ٹھیکیدار منڈی مویشیاں ہو گی۔ کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر یا اسکی طرف سے مقرر کردہ کمیٹی ممبران کو کنٹونمنٹ بورڈ کی طرف سے اختیار ہو گا کہ وہ منڈی مویشیاں میں داخل ہو کر انتظامات / سہولیات کا جائزہ لے سکے۔ بد انتظامی اور سہولیات کی عدم دستیابی معاہدہ / شرائط کی خلاف ورزی تصور ہو گی اور مناسب تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

21. ٹھیکیدار منڈی مویشیاں درج ذیل ریٹ وصول کرے گا:

i. قیمت خرید پر پانچ پیسے فی روپیہ خریدار سے وصول کرے گا۔

ii. دلالی فیس ایک روپیہ فی سینکڑہ کے حساب سے خریدار یا فروخت کنندہ باہمی رضامندی سے ادا کرے گا۔

iii. رسید کی قیمت پچیس پیسے فی رسید خریدار یا فروخت کنندہ کی باہمی رضامندی سے وصول کی جائے گی۔

22. ٹھیکیدار قانون کے مطابق خریدار / فروخت کنندہ سے رقم وصول کرے گا۔ زائد رقم وصول کرنے پر کنٹونمنٹ بورڈ مبلغ ہزار روپیہ فی کس جرمانہ کرنے کا مجاز ہو گا۔

23. ٹھیکیدار کو منڈی مویشیاں میں کسی وجہ (تہوار وغیرہ) سے نقصان ہوتا ہے تو کسی بھی صورت کنٹونمنٹ بورڈ سے رعائیت کا مستحق نہ ہو گا۔

24. ٹھیکیدار منڈی مویشیاں کسی دوسرے شخص / پارٹی کو سب لٹ نہ کرے گا۔

25. ٹھیکیدار منڈی مویشیاں میں استعمال ہونے والی کتابیں منظور شدہ فارم بائی لاز 5(اے) کے مطابق اپنے ہی خرچہ پر چھپوائے گا اور دفتر ہذا سے کتابیں / رسیدیں تصدیق کروائے گا۔ نیز استعمال شدہ رسید بکس ہر ماہ دفتر ہذا میں جمع کروانے کا پابند ہو گا۔

26. ٹھیکیدار منڈی مویشیاں میں جو ذاتی اسٹاف مقرر کرے گا اس کی منظوری دفتر ہذا سے لے گا۔ اور ان ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی کا خود ذمہ دار ہو گا۔

27. ٹھیکیدار منڈی مویشیاں میں جو بھی اسٹال مثلاً کولڈ ڈرنکس، ہوٹل، ٹی سٹال، سگریٹ سٹال وغیرہ لے آؤٹ پلان کے تحت لگائے گا۔ اس کی اجازت کنٹونمنٹ بورڈ سے حاصل کرے گا اور ہر سٹال کی ٹریڈ لائسنس فیس دفتر ہذا کو ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

28. ٹھیکیدار منڈی مویشیاں میں کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر کی اجازت کے بغیر لاؤڈ سپیکر استعمال نہیں کرے گا۔

29. مویشی لوڈنگ / ان لوڈنگ کی ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہو گی۔

30. کوئی بھی فرد / افراد منڈی مویشیاں کے علاوہ مویشی فروخت نہ کر سکے گا۔ اگر کوئی فرد / افراد مویشی فروخت کرتا ہوا پایا گیا تو ٹھیکیدار اس فرد / افراد سے مبلغ 5000 روپے جرمانہ فی مویشی وصول کرنے کا مجاز ہو گا۔

31. کسی بھی تنازعہ کی صورت میں کیس ڈائریکٹر ملٹری لینڈز و کنٹونمنٹس ملتان ریجن کو بھجوایا جائے گا جو بحیثیت ثالث فیصلہ کریں گے اور فیصلہ دونوں پارٹیوں کو منظور ہو گا۔ اور اسے کسی بھی عدالت میں چیلنج نہ کیا جا سکے گا۔

32. کسی بھی شرائط کی خلاف ورزی کرنے پر زیر دستخطی / کنٹونمنٹ بورڈ کو یہ حق حاصل ہو گا کہ 07 یوم کے نوٹس پر معاہدہ نیلامی منسوخ کر دے اور زر ضمانت ضبط کر لیا جائے۔

33. کنٹونمنٹ بورڈ / زیر دستخطی کو یہ اختیار حاصل ہو گا کہ وہ بائی لاز، پیپر ارولز اور دیگر قابل اطلاق قوانین و قواعد کے تحت بولی کی منظوری سے قبل کسی ایک یا تمام بولیوں کو مسترد کر دے، نیلامی کے عمل کو منسوخ کر دے یا کسی بھی بولی کو کالعدم قرار دے۔

34. کوئی بھی شخص یا ادارہ جو کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ کا نادہندہ ہو، یا جعلی دستاویزات جمع کروانے، دھوکہ دہی، ملی بھگت یا PPRA Rules کی خلاف ورزی میں ملوث پایا جائے، قابل اطلاق قوانین اور PPRA کے قواعد و ضوابط کے تحت نیلامی میں حصہ لینے کے لیے نااہل قرار دیا جائے گا۔

35. کسی حکومت کی طرف سے بلیک لسٹڈ یا کسی کینٹ بورڈ سے قبل ازیں معاہدہ کی خلاف ورزی کرنے والے افراد / فرمز بولی میں حصہ لینے کے اہل نہ ہوں گے۔

36. PPRA Rules, 2004 کے Rule 48 کے مطابق Grievance Redressal Committee (GRC) قائم ہے۔ اس کمیٹی کا نوٹیفکیشن پروکیورنگ ایجنسی (Procuring Agency) کی ویب سائٹ اور EPADS Version 2.0 Portal پر دستیاب ہو گا۔

37. یہ نیلامی نوٹس PPRA کی ویب سائٹ اور EPADS Version 2.0 Portal پر بھی دستیاب ہو گا۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

اوکاڑہ کینٹ